آئی سی سی ویمنز ٹی ٹونٹی ورلڈکپ: جنوبی افریقہ نے پاکستان کو 17 رنز سے شکست دے کر سیمی فائنل میں رسائی حاصل کرلی

سڈنی،یکم مارچ 2020ء:

آئی سی سی ویمنز ٹی ٹونٹی ورلڈکپ میں جنوبی افریقہ ویمنز کرکٹ ٹیم نے پاکستان خواتین کرکٹ ٹیم کو17رنزسے شکست دے کرسیمی فائنل میں رسائی حاصل کرلی ہے۔

لو اسکورننگ میچ میں جنوبی افریقہ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ بیس اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 136 رنزبنائے۔ جواب میں قومی خواتین کرکٹ ٹیم مقررہ بیس اوورز میں 5وکٹوں کے نقصان پر 119 رنز ہی بناسکی۔

تفصیلات کےمطابق جنوبی افریقہ ویمنز کرکٹ ٹیم کی کپتان ڈین نی کریک نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی فاسٹ باؤلر ڈیانا بیگ نے عمدہ باؤلنگ کرتے ہوئے 17 کے مجموعی اسکور پر حریف ٹیم کی دونوں اوپنرز کو پویلین واپس بھجوادیا۔ اوپنر کے جلد آؤٹ ہونے کے بعد جنوبی افریقہ ویمنز کرکٹ ٹیم کی ماریزانے کاپ اور لاورا وولوارٹ نے فائٹ بیک شروع کیا۔ ماریزانے کاپ 31 رنز بناکر آؤٹ ہوئیں مگر لاوراوولوارٹ نے کریز کے دوسرے اینڈ سے رنز بنانے کا سلسلہ جاری رکھا اوربہترین نصف سنچری اسکور کی۔ وہ 36 گیندوں پر 8 چوکوں کی مدد سے 53 رنزبناکر ناقابل شکست رہیں۔

حریف ٹیم کی کوئی اور بیٹر زیادہ دیر کریز پر نہ ٹھہر سکی۔ ڈو پریز 17، سونے لوس 12اورکلوئے ٹائرون10 رنزبناکر آؤٹ ہوئیں۔

پاکستان کی ڈیانا بیگ نے 19 رنز کے عوض 2 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ انعم امین، عروب شاہ، ندا ڈاراور ایمن انور نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں قومی خواتین کرکٹ ٹیم اننگز کا متاثرکن آغاز کرنے میں ناکام رہی اور محض 72 رنز پر آدھی ٹیم پویلین واپس لوٹ گئی۔ کپتان جویریہ خان 31 رنز بناکر رن آؤٹ ہوگئیں۔

پانچویں نمبر پر بیٹنگ کے لیے میدان میں اترنے والی آلراؤنڈر عالیہ ریاض نے ارم جاوید کے ہمراہ 47 رنز کی ناقابل شکست شراکت قائم کی تاہم دونوں بیٹرز جارحانہ انداز اپنانے کے باوجود قومی خواتین کرکٹ ٹیم کو میچ جتوانے میں ناکام رہیں۔

عالیہ ریاض32گیندوں پر 39رنز بناکر ناقابل شکست رہیں جبکہ ارم جاوید 17 رنزبناکرناٹ آؤٹ رہیں۔

جنوبی افریقہ کی شبنم اسماعیل،ڈین نی کریک اورمابا نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

میچ میں شاندار نصف سنچری اسکور کرنے پر جنوبی افریقہ کی بیٹر لاوراوولوارٹ کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

گروپ بی میں شامل پاکستان خواتین کرکٹ ٹیم اپناآخری میچ تین مارچ کو تھائی لینڈ کے خلاف کھیلے گی۔

اسکواڈ:

بسمہ معروف (کپتان)، ایمن انور، عالیہ ریاض، انعم امین، عائشہ نسیم، ڈیانا بیگ، فاطمہ ثناء ، ارم جاوید، جویریہ خان، منیبہ علی، ندا ڈار، عمیمہ سہیل، سعدیہ اقبال، سدرہ نواز (وکٹ کیپر) اور سیدہ عروب شاہ۔

آفیشلز:

سید اقبال امام (ہیڈ کوچ)، سلیم جعفر (باؤلنگ کوچ)، عامر اقبال (فیلڈنگ کوچ)، جمال حسین (اسٹرینتھ اینڈ کنڈیشنگ کوچ)، ڈاکٹر رفعت اصغر گل (فزیو)، عائشہ جلیل (منیجر) اور زبیر احمد (اینالسٹ)۔

شیڈول:

3 مارچ بروزمنگل: پاکستان ویمنز بمقابلہ تھائی لینڈ ویمنزبمقام سڈنی

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad

Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk